## کورنگی میں آتشزدگی کے سانحہ میں بری طرح جھلس جانے والے ایم کیوایم کے مزید تین کارکنان ہمایوں، منصور حسین اور محمد سراج کئی روز تک زندگی اور موت کی کشمکش میں مبتلا رہنے کے بعد شہید ہوگئے

## 6 اکتوبر کو پیش آنے والے آتشزدگی کے سانحہ میں شہید ہونیوالے ایم کیوایم کے کارکنوں اور ہمدردوں کی تعداد 14 ہوگئی۔ سانحہ کی وجہ سے پورا کورنگی رنج وغم اور سوگ میں ڈوبا ہوا ہے

کراچی ۔۔۔12، اکتوبر 2007ء۔۔۔آتش بازی کے سامان میں آتشزدگی کے سانحہ میں بری طرح جھلس جانے والے ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 77 کے مزید تین کارکنان ہمایوں، منصور حسین اور محمد سراج ولد محمد یوسف کئی روز تک زندگی اور موت کی کشمکش میں مبتلا رہنے کے بعد شہید ہوگئے ۔اس طرح 6 اکتوبر کو کورنگی میں پیش آنے والے آتشزدگی کے اس سانحہ میں شہید ہونیوالے ایم کیوایم کے کارکنوں اور ہمدردوں کی تعداد 14 ہوگئی ہے۔اس سانحہ کی وجہ سے پورا کورنگی رنج وغم اور سوگ میں ڈوبا ہوا ہے۔تفصیلات کے مطابق 6 اکتوبر کو صدارتی انتخاب میں صدر جنرل پرویز مشرف کی بھاری اکثریت سے کامیابی کی خوشی میں سی ویو پر ہونے والی آتشبازی کے مظاہرے میں شرکت کیلئے ایم کیوایم کے کارکنان اور ہمدرد ایک گاڑی میں سوار ہوکر سی ویو جارہے تھے کہ راستے میں گاڑی میں رکھے ہوئے آتشبازی کے سامان میں آگ لگ گئی۔آتشزدگی کے باعث گاڑی میں رکھے ہوئے جنریٹر میں بھی آگ بھڑک اٹھی ۔اس دوطرفہ شدید آتشزدگی کے نتیجے میں گاڑی میں سوار ایم کیوایم کے 20 کارکنان ومتعدد ہمدرد بری طرح جھلس گئے ۔ان میں سے بعض کارکنان وہمدرد 100 فیصد، بعض 75 فیصد اور بعض 50 سے 70 فیصد جل گئے ۔ جمعرات کو ایم کیوایم کے دومزید کارکنان ہمایوں ولد محمد اسلم اور منصور حسین ولد محمود حسین شہید ہوگئے جبکہ آج بروز جمعہ ایم کیوایم کے ایک اور کارکن محمد سراج ولد محمد یوسف زخمیوں کی تاب نہ لاکر انتقال کرگئے ۔تینوں شہیدوں کو بھی اپنے دیگر شہید ساتھیوں کے ساتھ کورنگی نمبر ایک کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔شہداء کے جنازے میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار، حق پرست وفاقی وزیر شمیم صدیقی، حق پرست رکن سندھ اسمبلی طالب امام، عامر معین، کورنگی کے ٹاؤن ناظم عارف خان ایڈوکیٹ، یوسی ناظمین، کونسلر، ایم کیوایم کورنگی سیکٹر کمیٹی کے اراکین، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان اور ہمدردوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔ ہمایوں شہید کی 23 سال تھی اور ان کے سوگواران میں والدین سمیت 6 بہن بھائی شامل ہیں جبکہ منصور حسین شہید کی عمر 25 سال تھی اور انکے سوگواران میں والدین سمیت چار بہن بھائی شامل ہیں ۔محمد سراج شہید کی عمر 35 سال تھی اور وہ شادی شدہ اور دو بچیوں کے باپ تھے ۔محمد سراج شہید ایم کیوایم کے نہایت سرگرم کارکن تھے ۔6 اکتوبر کے سانحہ میں شہید ہونے والے 14 افراد میں ایم کیوایم کے چھ کارکن اور 8 ہمدرد شامل ہیں جن میں ایک حق پرست کونسلر بھی شامل ہیں۔ شہید ہونے والوں میں محمد فیضان شہید ولد شرافت علی، محمد صابر شہید ولد عبدالغفار، حسیب شہید ولد مجیب، وسیم شہید ولد محمد رفیق، منصور خان شہید ولد مسعود خان، کونسلر سرفراز خان شہید ولد شفیق خان، محمد ساحل شہید ولد محمد یامین، ریحان قریشی شہید ولد نظام قریشی، ابرار شہید ولد انتظار، سلیم شہید ولد اقبال، محمد علی شہید ولد عبدالوحید، منصور حسین شہید ولد محمود حسین، ہمایوں شہید ولد محمد اسلم اور محمد سراج شہید ولد محمد یوسف شامل ہیں۔آتشزدگی کے سانحہ میں جھلس جانے والے دیگر کارکنوں اور ہمدردوں کی حالت بھی نازک بتائی جاتی ہے۔

## کورنگی میں آتشزدگی کے سانحہ میں 14 معصوم وبے گناہ کارکنوں اور ہمدردوں کی شہادت پر مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنوں اور ہمدردوں کے دل خون کے آنسو رورہے ہیں۔الطاف حسین

## یہ ایک بہت بڑا سانحہ ہے جس میں اب تک ایم کیوایم کے 14 کارکنان اور ہمدرد شہید ہوچکے ہیں

## سانحہ میں ایم کیوایم کے مزید تین کارکنان ہمایوں، منصور حسین اور محمد سراج کی شہادت پر اظہار تعزیت

لندن ۔۔۔12، اکتوبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے آتش بازی کے سامان میں آتشزدگی کے سانحہ میں جھلس جانے کے نتیجے میں ایم کیوایم کورنگی سیکٹر کے مزید تین کارکنان ہمایوں، منصور حسین اور محمد سراج کی شہادت پر دلی صدمے اور گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ یہ ایک بہت بڑا سانحہ ہے جس میں اب تک ایم کیوایم کے 14 کارکنان اور ہمدرد شہید ہوچکے ہیں جبکہ دیگر کی حالت نازک ہے ۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ اس سانحہ میں معصوم وبے گناہ کارکنوں اور ہمدردوں کی شہادت پر مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنوں اور ہمدردوں کے دل خون کے آنسو رورہے ہیں ۔ جناب الطاف حسین نے ہمایوں

شہید،منصور حسین شہید اور محمد سراج شہید سمیت سانحہ کے تمام شہیدوں کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان شہداء کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق عطا کرے۔

## سانحہ کورنگی میں جاں بحق ہونیوالے ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر کے شہید کارکنان کا اجتماعی سوئم

کراچی۔۔۔12/اکتوبر 2007ء۔۔۔صدارتی انتخاب کے بعد ریلی کے موقع پر کورنگی میں بس میں آتشبازی کے سامان سے جھلسنے کے سانحہ میں جاں بحق ہونیوالے متحدہ قومی موومنٹ کورنگی سیکٹر کے کارکنان کا اجتماعی سوئم آج بعد نماز جمعہ فاروقی گراؤنڈ B-35 کورنگی نمبر 4 میں ہوا جس میں شہداء کی اروح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن وفاتحہ خوانی کی گئی اور شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔سوئم کے اجتماع میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرڈاکٹر فاروق ستار،رکن رابطہ کمیٹی ووفاقی وزیر بابر خان غوری،مذہبی امور کے وزیر مملکت عبدالقادر خانزادہ،صوبائی مشیران حامد عابدی،نعمان سہگل،اراکین اسمبلی اخلاق حسین عابد،طلب امام،معین خان،تنظیمی کمیٹی کے انچارج وارکین،کورنگی کے ٹاؤن ناظم عارف خان ایڈوکیٹ،نائب ٹاؤن ناظم،یوسی ناظمین،نائب یوسی ناظمین،کونسلرز،سیکٹرز و یونٹ کمیٹیوں کے ارکان،کارکنان،ہمدردوں اور مرحومین کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔واضح رہے کہ 6اکتوبر کو صدارتی انتخاب میں صدر جنرل پرویز مشرف کی کامیابی کی خوشی میں ایم کیو ایم کی جانب سے نکالی جانے والی کورنگی سیکٹر کی ریلی میں آتشبازی کے سامان میں آتشزدگی کے واقعہ میں ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر کے 21 کارکنان جھلس کر شدید زخمی ہوئے تھے جن میں سے ایم کیو ایم کے آٹھ کارکنان منصور خان،سرفراز خان،محمد ساحل،ریحان قریشی،محمد علی قریشی،محمد ہمایوں،محمد ابرار،محمد سلیم،محمد صابر اور محمد نعمان انتقال کرچکے ہیں۔دریں اثناء ایم کیو ایم کی ڈپٹی کنوینرڈاکٹر فاروق ستار اور رکن رابطہ کمیٹی ووفاقی وزیر بابر خان غوری اور حق پرست وزراء اور ارکان اسمبلی نے جاں بحق ہونیوالے کارکنان وہمدردوں کے جاکر سوگوار اہل خانہ سے ملاقات کی اور ان سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا۔انہوں نے سوگواران کو صبر کی تلقین کی اور جاں بحق کارکنان وہمدردوں کیلئے فاتحہ خوانی کی اور سوگواران کو صبر کی تلقین کی۔اس موقع پر حق پرست ارکان قومی وسندھ اسمبلی،مشیران،ٹاؤن ناظمین اور ایم کیو ایم کے دیگر ذمہ داران بھی موجود تھے۔

## الطاف حسین نے عیدالفطر انتہائی سادگی سے منائی۔عیدالفطر کی نماز لندن کی ایک مقامی مسجد میں ادا کی
## انٹرنیشنل سیکریٹریٹ میں کارکنوں سے عید ملی اور انہیں عید کی مبارکباد پیش کی

لندن۔۔۔12 اکتوبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے عیدالفطر انتہائی سادگی سے منائی۔جناب الطاف حسین نے عیدالفطر کی نماز لندن کی ایک مقامی مسجد میں ادا کی جس کے بعد انہوں نے کارکنوں سے عید ملی اور انہیں عید کی مبارکباد پیش کی۔جناب الطاف حسین نے عیدالفطر کی نماز کے بعد ایم کیو ایم کے انٹرنیشنل سیکریٹریٹ میں کارکنوں اور ذمہ داروں سے عید ملی اور انہیں عیدالفطر کی مبارکباد پیش کی۔اس موقع پر تمام ذمہ داروں اور کارکنوں نے بھی جناب الطاف حسین کو عید کی مبارکباد پیش کی۔

## قاضی حسین احمد کی جانب سے کی جانے والی ہڑتال کی اپیل کو مکمل طور پر مسترد کرنے پر
## ملک بھر کے عوام خصوصاً سندھ کے عوام کو متحدہ قومی موومنٹ کا خراج تحسین
## پورے ملک کے مسلمان عیدالفطر کی تیاریوں میں مصروف ہیں اور قاضی حسین احمد مسلمانوں کی عبادتوں اور شعائر اسلام کا احترام کرنے کے بجائے ہڑتالوں کی کالیں دے رہے ہیں عوام نے جماعت اسلامی کی ہڑتال کو ناکام بنا کر اسے شرمناک شکست سے دوچار کیا ہے

کراچی۔۔۔12 اکتوبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے جماعت اسلامی کے امیر قاضی حسین احمد کی جانب سے کی جانے والی ہڑتال کی اپیل کو مکمل طور پر مسترد کرنے پر ملک بھر کے عوام خصوصاً سندھ کے عوام کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوام اب اتنے باشعور ہوچکے ہیں کہ وہ جماعت اسلامی کی منافقانہ اور مکروہ سیاست کو سمجھ گئے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ یہ انتہائی شرمناک بات ہے کہ ایسے وقت جب پورے ملک کے مسلمان عیدالفطر کی تیاریوں میں مصروف ہیں قاضی حسین احمد مسلمانوں

کی عبادتوں اور شعائر اسلام کا احترام کرنے کے بجائے ہڑتالوں کی کالیں دے رہے ہیں۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ عوام نے اپنے اتحاد کے ذریعے جماعت اسلامی کی ہڑتال کو ناکام بنا کر اسے شرمناک شکست سے دوچار کیا ہے۔ اب بھی وقت ہے کہ جماعت اسلامی عبرت پکڑے اور اپنی مکروہ، منافقانہ اور دہشت گردانہ سیاست ختم کرے ورنہ آئندہ عام انتخابات میں پورے ملک کے عوام اس کی سیاست کا جمہوری طریقہ سے جنازہ نکال دیں گے۔

## قاضی حسین احمد کے عقل وشعور کا یہ عالم ہے کہ وہ اتنے دنوں بعد اس بات کا اظہار کررہے ہیں کہ انہیں ابھی تک سمجھ نہیں آئی ہے کہ مولانا فضل الرحمٰن نے سرحد اسمبلی توڑنے کیلئے 2 اکتوبر کی تاریخ کیوں مقرر کروائی تھی۔ سلیم شہزاد

## جس جماعت کے لیڈر کو کوئی بات سمجھ میں ہی نہ آتی ہو وہ جماعت ملک اور عوام کی کیا رہنمائی کرے گی؟

لندن۔۔۔12 اکتوبر 2007ء۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد نے جماعت اسلامی کے امیر قاضی حسین احمد کے اس بیان پر کہ ''انہیں ابھی تک سمجھ نہیں آئی کہ مولانا فضل الرحمٰن نے سرحد اسمبلی کو توڑنے کیلئے 2 اکتوبر کی تاریخ کیوں مقرر کروائی تھی'' اس پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ جس جماعت کے لیڈر کو اتنی بھی سمجھ نہ ہو اور کوئی بات ان کی سمجھ میں ہی نہ آتی ہو تو ایسے لوگ اور ایسی جماعت ملک اور عوام کی کیا رہنمائی کریں گے؟ انہوں نے کہا کہ شاید قاضی حسین احمد اور جماعت اسلامی کی سمجھ میں یہ بات بھی نہیں آتی ہے کہ جن لوگوں کو کوئی بات سمجھ نہ آئی انہیں ناسمجھ کہا جاتا ہے اور ناسمجھ عقل وشعور سے عاری لوگوں کو کہا جاتا ہے۔ سلیم شہزاد نے کہا کہ قاضی حسین احمد کے عقل وشعور کا یہ عالم ہے کہ وہ اتنے دنوں بعد اس بات کا اظہار کررہے ہیں کہ انہیں ابھی تک سمجھ نہیں آئی ہے، یہ عمل بھی ناسمجھی کی نشانی ہے۔ انہوں نے کہا کہ قاضی حسین احمد کی سمجھ اس وقت کہاں تھی جب مولانا فضل الرحمٰن یہ فیصلہ کروا رہے تھے؟ قاضی حسین احمد اس وقت کون سے عالم اور کون سی حالت میں تھے کہ انہیں سمجھ نہیں آئی؟ سلیم شہزاد نے کہا کہ بہت سے لوگ یہ بھی کہہ رہے ہیں کہ قاضی حسین احمد کا یہ بیان بھی جماعت اسلامی کے روایتی منافقانہ کردار کا مظاہرہ ہے کیونکہ انہیں اچھی طرح سمجھ تھی لیکن اب کیونکہ حکومت کے ساتھ ان کی خفیہ ڈیل منظر عام پر آنے کی وجہ سے عوام لعن طعن کررہے ہیں تو قاضی حسین احمد اپنی گردن بچانے کیلئے سمجھ نہ آنے کا بہانہ کررہے ہیں تاہم ہم قاضی حسین احمد اور جماعت اسلامی سے صرف اتنا پوچھنا چاہتے ہیں کہ انہیں کب سمجھ آئے گی؟

## متحدہ مجلس عمل کی تمام جماعتیں جماعت اسلامی کے منہ پر کالک مل رہی ہیں۔ ارکان صوبائی اسمبلی متحدہ قومی موومنٹ

## جماعت اسلامی کے شکست خوردہ لیڈران اب متحدہ مجلس عمل کے پردے میں چھپنے کا بزدلانہ عمل ترک کردیں

## جماعت اسلامی کے اپنے اتحادی آج خود اس جماعت کے مکروہ کردار وعمل سے پردے اٹھا رہے ہیں

کراچی۔۔۔12 اکتوبر 2007ء۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کے ارکان صوبائی اسمبلی نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی کے شکست خوردہ لیڈران اب متحدہ مجلس عمل کے پردے میں چھپنے کا بزدلانہ عمل ترک کردیں کیونکہ ان کا پردہ چاک ہو چکا ہے اور متحدہ مجلس عمل میں اس طرح جوتیوں میں دال بٹ رہی ہے کہ اس کی تمام جماعتیں مل کر جماعت اسلامی کے منہ پر کالک مل رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی کے گھناؤنے کردار پر اب کسی اور کو کچھ کہنے کی ضرورت اس لئے نہیں ہے کہ جماعت اسلامی کے اپنے اتحادی آج خود اس جماعت کے مکروہ کردار وعمل سے پردے اٹھا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی کے لیڈر متحدہ قومی موومنٹ کے خلاف منہ سے جھاگ نکالنے کے بجائے عوام کو صرف یہ بتائیں کہ ان کی اتحادی جمعیت علمائے اسلام نے قاضی حسین احمد کو گوربا چوف کیوں قرار دیا ہے؟ اور اس کا کیا مطلب ہے؟ حق پرست ارکان صوبائی اسمبلی نے کہا کہ جماعت اسلامی کی حکومت سے خفیہ ڈیل اب منظر عام پر آچکی ہے جس کے تحت سرحد اسمبلی کو صدارتی الیکشن تک تحلیل نہیں ہونے دیا گیا تاہم آج صوبہء سرحد کے عوام جماعت اسلامی کے وزیروں سے جان چھوٹنے پر یوم نجات ضرور منا رہے ہیں۔

## پاکستان پیپلز پارٹی بھٹائی آباد کے بانی کارکن سمیت متعدد کارکنان اورسوشل ویلفیئر کمیٹی قلندر آباد کے صدر کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

کراچی ۔۔۔12، اکتوبر 2007ء۔۔۔ پاکستان پیپلز پارٹی بھٹائی آباد گلشن اقبال یونین کونسل 13 کے بانی کارکن سمیت متعدد کارکنان اورسوشل ویلفیئر کمیٹی قلندر آباد کے صدر نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریئے سے متاثر ہوکر متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی بھٹائی آباد یونٹ کے زیر اہتمام منعقدہ ایک دعوت افطار میں کیا جس میں علاقے کے نوجوانوں، بزرگوں اور خواتین کے علاوہ ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے انچارج عبدالخالق بلوچ، حق پرست رکن سندھ اسمبلی یوسف منیر شیخ اور کراچی مضافاتی کمیٹی کے رکن فرخ اعظم نے بھی شرکت کی۔ ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کرنے والوں میں پیپلز پارٹی کے بانی کارکن ظفر بلوچ، علی گل سنجرانی، اکبر دل، آفتاب دایو، راشد خان، ماجد اورسوشل ویلفیئر کمیٹی قلندر آباد کے صدر دیدار میرانی اور ان کے سینکڑوں ساتھی شامل ہیں ۔قبل ازیں خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے انچارج عبدالخالق بلوچ نے کہا کہ کراچی سے کشمیر تک قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفے اور نظریئے سے متاثر ہوکر مختلف قومیتوں، برادریوں اور مذہبی اقلیتوں کے عوام بڑی تعداد میں متحدہ قومی موومنٹ میں شامل ہورہے ہیں جس سے جاگیرداروں، وڈیروں، سرمایہ داروں اور 2 فیصد مراعات یافتہ طبقے کی نیندیں حرام ہوچکی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم اپنے مشن، مقصد اور نظریئے سے سچی ہے اور اس کا ایک ایک کارکن سازشی عناصر کی گھناؤنی سازشوں کو اپنے اتحاد سے ناکام بنادیں گے۔حق پرست رکن سندھ اسمبلی یوسف منیر شیخ نے کہا کہ بعض شاؤنسٹ، متعصب عناصر متحدہ قومی موومنٹ کی بڑھتی ہوئی مقبویت سے خوفزدہ ہوکر عوام کے درمیان نسلی ولسانی منافرتیں پھیلانے کی کوششیں کررہے ہیں اور نسلی ولسانی بنیادوں پر عوام کو تقسیم کرنے کی مکروہ سازشیں کررہے ہیں جو کسی طرح بھی ملک و قوم کے مفاد میں نہیں ہے۔ مضافاتی کمیٹی کے رکن فرخ اعظم نے کہا کہ سیاسی ملاؤں نے اسلام کے نام پر عوام کو ہمیشہ بیوقوف بنایا ہے اور جناب الطاف حسین واحد لیڈر ہیں جنہوں نے نام نہاد سیاسی و مذہبی جماعتوں کو بے نقاب کیا ہے اور ان کا اصل چہرہ عوام کے سامنے لیکر آئے ہیں۔ انہوں نے پیپلز پارٹی بھٹائی آباد کے کارکنان کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا زبردست خیر مقدم کیا اور انہیں مبارکباد دی۔

## محکمہ ڈاک میں کے محنت کشوں کو عید سے قبل بونس کی ادائیگی پر ایم کیوایم لیبر ڈویژن کا خیر مقدم

کراچی ۔۔۔12، اکتوبر 2007ء۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کی سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی کے انچارج واراکین نے حق پرست وفاقی وزیر مواصلات شمیم صدیقی کی جانب سے محکمہ ڈاک کے محنت کشوں کو عید سے قبل بونس دینے کے اعلان کا زبردست خیر مقدم کیا اور محکمہ ڈاک کے محنت کشوں کو مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں لیبر ڈویژن کی سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی کے اراکین نے کہا کہ حق پرست قیادت وفاقی، صوبائی اور شہری حکومت کی سطح پر نہ صرف محنت کشوں کے مسائل کے حل میں خصوصی دلچسپی لے رہی ہے بلکہ عملی اقدامات کرکے اپنے ماضی کے ریکارڈ کو قائم رکھ کر ایک اور نئی تاریخ رقم کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حق پرست وفاقی وزیر شمیم صدیقی کی جانب سے محکمہ ڈاک کے محنت کشوں کو عید بونس کی ادائیگی سے محنت کشوں اور ان کے اہل خانہ میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ حق پرست قیادت محنت کشوں اور مظلوم عوام کے مسائل اور مشکلات کے حل کیلئے اسی طرح سے عملی کردار ادا کرتی رہے گی۔

## ایم کیوایم ٹھٹھہ زون اور قصبہ علی گڑھ سیکٹر کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔12، اکتوبر 2007ء۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ٹھٹھہ زون کے کارکن علی نواز لغاری کے والد بچو خان اور ایم کیوایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر یونٹ 125 کے کارکن ریاض الدین کے والد سراج الدین کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق عطا کرے۔

☆☆☆☆☆